# 112097 ـ گولڈن یا سلور جوبلی منانا

**سوال**

بعض کمنیاں یا ادارے افتتاح کے پچیس برس پورے ہونے پر سلور جوبلی اور پچاس برس گزرنے پر جشن مناتے ہیں جسے گولڈن جوبلی کا نام دیا جاتا ہے، اور ( 75 ) برس گزرنے پر جشن مناتے ہیں کیا یہ جشن منانے سنت ہیں یا بدعت ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

" کوئی ادارہ یا آفس اور سکول یا مدرسہ اور پراجیکٹ کھولنے پر کئی سال گزر جانے پر جشن منانا اور ہدیہ جات تقسیم کرنا جائز نہیں، کیونکہ یہ تہوار اسلام میں بدعت کی ایجاد ہے اور اس لیے بھی کہ اس طرح کے اعمال میں کفار کی مشابہت ہے چنانچہ اس سے اجتناب کرنا اور بچنا ضروری اور واجب ہے " انتہی

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 2 / 261 ).

اور شیخ ابو بکر زید اپنی کتاب " عید الیوبیل " میں لکھتے ہیں:

" مختلف اوقات اور زمن میں مختلف غرض کی بنا پر گولڈن جوبلی منانا دین اسلام میں بدعت ہے، اور رب العالمین کے حکم میں منازعت اور کفار سے مشابہت اور ان کی تعظیم ہے.

بدعتی جشن جن میں عید میلاد النبی اور اسراء و معراج کا جشن اور ہجری سال مکمل ہونے کا جشن وغیرہ بدعتی تہوار بعض مسلمانوں میں رائج ہیں جو گمراہ قسم کے لوگوں کی جانب سے اسلام میں داخل کیے گئے ہیں ان تہواروں سے منع کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ سب سے پہلے گولڈن اور سلور جوبلی اور اسی سالہ جشن منانے سے ممانعت کا اعلان کریں یہ ان کے لیے واجب و ضروری ہے، چاہے وہ جشن کسی بھی مدت کا ہو اور کسی بھی جگہ ہو یا کسی سے موقع پر ہو، اور کوئی ایسا نہیں کرتا یعنی اس سے منع نہیں کرتا تو اس میں تناقض اور اضطراب پایا جاتا ہے، چاہے وہ انکار کرے یا تسلیم، اور یہ خواہشات کی پیروی شمار ہوتی ہے " انتہی

دیکھیں عید الیوبیل صفحہ نمبر ( 25 ).

واللہ اعلم .